تم سے ورثہ چاہتا ہوں سیرۃ وکردار کا — صرف میں حقدار ہوں اس دولتِ بیدار کا!

اپنے ہاتھوں سے بساطِ غم الٹنی ہے مجھے

سر بسر سنسار کی کایا پلٹنی ہے مجھے

---

# مسلماناں! مسلمانی!

از جناب میر ولی اللہ صاحب ایڈوکیٹ - ایبٹ آباد

بدانم مبہماتِ این و آں چندانکہ تو دانی — ولیکن محکماتِ او نہ من خوانم نہ تو خوانی

رموزِ عشق و مستی را۔ تو ہم دانی کہ می داند — نہ دانشمندِ فارابی نہ افلاطونِ یونانی

نوائے تو و خاموشی من بے ذوق و بے سوز است — نہ من پروانہ ام ہرگز۔ نہ تو مرغِ گلستانی

مقالاتِ فسوں کارانِ یورپ بر زباں دارد — مسلمانے کہ شد بیگانۂ تعلیمِ قرآنی

بکن تسلیم جان و دل بہ بندِ آں یکے یکتا — ز بندِ ہر یکے خود را اگر خواہی کہ برہانی

دل اندر یاری او بند۔ یارِ جاں دہ وناں دہ — رہا کن یاری یاراں اگر جانی وگر نانی

مسلماں را ہنر بودہ است سلطانی بدرویشی — کنوں حرمانِ او بنگر نہ درویشی نہ سلطانی

بلندیِ نظر ہم شانِ صیادی برفت از یاد — شکستہ بال و پر۔ ایں شاہبازانِ کہستانی

چناں مستِ خرامِ ناز چوں کبکِ قفس۔ گوئی — نبودہ ہیچ گہ در خوردِ شاں پروازسامانی

ہزاراں خندہ ہائے کافری بر دینِ ما باشد — "مسلماناں مسلماناں! مسلمانی مسلمانی!"

نسیمے از بہارستانِ خلدِ معرفت بارے — کہ اندر روز خم از دستِ نارائی و کم دانی

سخن بس آشنا گویم بایں نا آشنائی ہا

خدایا! قدرے آشنائی نیز ارزانی!

# حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

از طور صاحب سیوہاروی

اے حقیقت آشنائے جزو و کل ایکہ تیری ذات ہے فخرِ رسل
ضوفشاں تجھ سے ہوئی شمعِ حرم تو نے بالاتر کیا حق کا علم
دل ترا گرویدۂ دردِ رسول روح تیری حاملِ شانِ نزول
ایکہ تیری زندگی تفسیرِ غم فکر سے غیروں کے تیری چشم نم
طاری ہوئے پر بھی غم طاری نہ تھا تجھکو احساسِ گرانباری نہ تھا
ذوق تیرا ضامنِ فتح و ظفر عزم تیرا رہنمائے ہر بشر
ایکہ ہر مومن کے دل پر بر ملا نقش ہے جنگِ جمل کا واقعہ
تیری فکرِ نکتہ رس پر ہے عیاں نکتہ ہائے مذہب و شعر و بیاں
ایکہ تیرے ہر عمل سے آشکار بانیِ اسلام کا عز و وقار

صدق آں گردد کہ قربانت شود
عشق آں باشد کہ قربانت شود

---

اے اسیرِ رنگ و بوئے چمن از سرِ نو یاد کر درسِ کہن
ہاں وہی اسلام کا فرزند ہے جو جہاد و فقر کا پابند ہے
فاتحِ رزمِ زمانہ ہے وہی موت کو جو جانتا ہے زندگی
ہر نفس اک دور کا آغاز ہے ہر خلش میں ارتقا کا راز ہے